جہیز کا سامان قربانی کے نصاب میں شامل ہونے کا حکم

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2785

تاریخ اجراء: 05 ذوالحجۃ الحرام 1445ھ/12 جون 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

مجھے پتہ چلا ہے کہ جہیز کی زائد اشیاء بھی قربانی کے نصاب میں شامل ہوتی ہیں تو میری بیوی کے پاس دو تولہ سونا اور جہیز کی زائد اشیاء، جن کی مالیت 52،000 بنتی ہے، موجود ہیں تو کیا ان پر قربانی لازم ہو گی؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

یاد رہے کہ جو شخص بھی حاجت اصلیہ (یعنی وہ چیزیں جن کی انسان کو حاجت رہتی ہے، جیسے رہائش گاہ، خانہ داری کے وہ سامان جن کی حاجت ہو، سواری اور پہننے کے کپڑے وغیرہ ضروریاتِ زندگی) سے زائد ایسی اشیاء کا مالک ہو جو خود یا دیگر اموال (سونا، چاندی، نقدی وغیرہ) کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچ جائیں تو اس پر قربانی واجب ہوتی ہے۔ لہذا دریافت کردہ صورت میں آپ کی بیوی جبکہ دو تولہ سونے اور ضرورت سے زائد 52000 قیمت والی اشیاء کی مالک ہے تو وہ صاحب نصاب ہے اور اس پر قربانی واجب ہے۔

نوٹ: عورتوں پر بھی شرائط پائی جانے کی صورت میں قربانی واجب ہوتی ہے، جس طرح مردوں پر واجب ہوتی ہے۔

چنانچہ در مختار ہے: ”تجب۔۔۔علی کل۔۔۔مسلم۔۔۔ذی نصاب فاضل عن حاجتہ الأصلیة۔۔۔و إن لم ینم۔۔۔و۔۔۔بہذا النصاب تحرم الصدقة۔۔۔وتجب الأضحیة ونفقة المحارم علی الراجح“ یعنی راجح قول پر ہر ایسا مسلمان جو حاجت اصلیہ سے زائد نصاب، جو اگرچہ مال نامی نہ ہو، کا مالک ہو اس پر صدقہ فطر واجب ہوتا ہے، اور اس پر زکاۃ لینا حرام، محارم کا نفقہ اور قربانی واجب ہوتی ہے۔ (در مختار مع رد المحتار، کتاب الزکاۃ، ج 2، ص 358،359،360، دار الفکر، بیروت)

عورتوں پر بھی قربانی واجب ہوتی ہے۔ جیسا کہ در مختار میں علامہ علاؤالدین حصکفی علیہ رحمۃ اللہ القوی ارشاد فرماتے ہیں: ”وشرائطها: الإسلام والإقامة واليسار الذی يتعلق به) وجوب (صدقة الفطر لا الذكورة فتجب على الأنثى)“یعنی قربانی واجب ہونے کی شرائط یہ ہیں: مسلمان ہونا، مقیم ہونا، ایسی مالداری، جس سے صدقہ فطر واجب ہوتا ہو۔ مرد ہونا شرط نہیں لہذا عورت پر بھی واجب ہے۔(الدرالمختارمع ردالمحتار، کتاب الاضحیۃ، ج09، ص520، مطبوعہ کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net